www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962449، 5962444 فیکس 5962277
بانی ..... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 8 قیمت 30 روپے
LOCAL EDITION WEDNESDAY AUGUST 21, 2024
جلد 66 | بدھ 15 صفر المظفر 1446ھ 21 اگست 2024ء 7 بھادوں 2081ب | نمبر 229

# ایشیاء کے محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس نومبر میں اسلام آباد میں ہوگی

## رواں سال اب تک ایک لاکھ 27 ہزار شکایات کے فیصلے کئے جاچکے، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد (طاہر خلیل، نمائندہ خصوصی) ایشیاء کے محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس آئندہ نومبر میں اسلام آباد میں ہوگی۔ وفاقی محتسب سے رواں سال میں اب تک ایک لاکھ 27 ہزار شکایات کے فیصلے کئے جاچکے ہیں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایشین امبڈسمین ایسوی ایشن (اے او اے) کے تحت محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس میں میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل یا صدر جنرل اسمبلی کی شرکت بھی متوقع ہے۔ سمپوزیم میں امبڈسمین کے اداروں کو مزید فعال بنانے اور ان کی کارکردگی بڑھانے کے علاوہ پائیدار ترقی کے موضوع پر جامع گفتگو ہوگی۔ اس کانفرنس سے پاکستان کے ثقافتی ورثے اور سیاحتی مقامات وسہولیات کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کا موقع بھی میسر آئے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں جلد ہی وفاقی محتسب کے نئے علاقائی دفاتر کھولے جارہے ہیں۔

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد
WEDNESDAY, AUGUST 21, 2024
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

# رواں سال سوا لاکھ شکایات کا فیصلہ کر چکے: اعجاز قریشی

## عالمی سمپوزیم نومبر میں ہوگا، 40 سے زائد ممالک کے نمائندے شرکت کرینگے

### اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل یا صدر کی شرکت بھی متوقع: وفاقی محتسب کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (ارشاد انصاری سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے تحت محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس نومبر میں اسلام آباد میں ہوگی، 40 سے زائد ممالک، ایشیا، عالم اسلام اور امبڈسمین کے بین الاقوامی اداروں کے سربراہان، انکے نمائندے شرکت کریں گے۔ کانفرنس میں اقوام (باقی صفحہ 7 نمبر 15)

15 اعجاز قریشی

متحدہ کے سیکرٹری جنرل یا صدر کی شرکت بھی متوقع ہے۔ سمپوزیم میں امبڈسمین کے اداروں کو مزید فعال بنانے، کارکردگی بڑھانے کے علاوہ ایجنڈا 2030 کے تحت پائیدار ترقی کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو ہوگی، پاکستان کے ثقافتی ورثے، سیاحتی مقامات و سہولیات کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کا موقع میسر آئیگا۔ انہوں نے بتایا کہ آزاد کشمیر، گلگت بلتستان میں جلد ہی نئے علاقائی دفاتر کھولے جارہے ہیں۔

روزنامہ دنیا اسلام آباد، بدھ، 21 اگست 2024ء

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ
دنیا
اسلام آباد

# وفاقی محتسب: رواں سال 1 لاکھ 27 ہزار شکایات پر فیصلے

## آزاد کشمیر، گلگت بلتستان میں جلد علاقائی دفاتر کھولے جا رہے ہیں: اعجاز قریشی

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب کو رواں سال ایک لاکھ 32 ہزار سے زائد شکایات موصول ہوئیں، اب تک ایک لاکھ 27 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے کیے جا چکے ہیں۔ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے تحت محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس بہت جلد اسلام آباد میں منعقد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی محتسب نے کہا آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں جلد نئے علاقائی دفاتر کھولے جا رہے ہیں جس کے بعد ملک کے 24 شہروں سے لوگ ہمارے ادارے سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن
ABC CERTIFIED
اسلام آباد، پشاور، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، مظفر آباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن اور گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونے والا پہلا اردو اخبار
E-mail:ausaf@dsl.net.pk اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار http://www.dailyausaf.com
روزنامہ اوصاف اسلام آباد
DAILY AUSAF ISLAMABAD
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان ایڈیٹر: محسن بلال خان
WEDNESDAY, AUGUST 21, 2024 Registered ID 174
جلد: 26 بدھ، 15 صفر المظفر 1446ھ، 21 اگست 2024ء، 7 بھادوں 2081ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ: 241

# محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس جلد ہوگی، وفاقی محتسب

## پاکستانی ثقافت، سیاحتی مقامات وسہولیات کو دنیا میں اجاگر کرنا ممکن ہوگا

اسلام آباد (وقائع نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے تحت محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس عنقریب اسلام آباد میں منعقد ہوگی جس میں ایشیاء، عالم اسلام اور امبڈسمین کے بین الاقوامی اداروں کے سربراہان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)



اسلام آباد، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

اوصاف 39

### وفاقی محتسب

اور ان کے نمائندے بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ کانفرنس (سمپوزیم) میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل یا صدر کی شرکت بھی متوقع ہے۔ سمپوزیم میں امبڈسمین کے اداروں کو مزید فعال بنانے اور ان کی کارکردگی بڑھانے کے علاوہ ایجنڈا 2030ء کے تحت پائیدار ترقی کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو ہوگی۔ اس کانفرنس سے پاکستان کے ثقافتی ورثے اور سیاحتی مقامات وسہولیات کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کا موقع بھی میسر آئے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں جلد ہی نئے علاقائی دفاتر کھولے جارہے ہیں جن کے بعد ملک کے 24 شہروں سے لوگ ہمارے ادارے سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ علاقائی دفاتر کے ذریعے عام لوگوں کو ان کے گھر کے قریب مفت انصاف فراہم کیا جارہا ہے۔

★★★★★

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات

اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمٰن

Wednesday 21 August 2024

| جلد | بدھ 15 صفر المظفر 1446ھ، 21 اگست 2024ء، 6 بھادوں 2081 ب | صفحات 8 | قیمت 30 روپے | شمارہ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| 13 | www.naibaat.com e-mail: nb@naibaat.com | | | 189 |


# وفاقی محتسب کے رواں سال ایک لاکھ 27 ہزار شکایات کے فیصلے

## ایشیاء کے محتسبین کی کانفرنس اسلام آباد میں ہوگی، اقوام متحدہ کے صدر، سیکرٹری جنرل کی شرکت متوقع ہے: اعجاز احمد قریشی

## آزاد کشمیر، گلگت بلتستان میں بھی جلد نئے دفاتر قائم ہونگے، لوگوں کو گھر کے قریب مفت انصاف فراہم کیا جا رہا، صحافیوں سے گفتگو



اسلام آباد: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ایشین اومبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے تحت محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس عنقریب اسلام آباد میں منعقد ہوگی جس میں ایشیاء، عالم اسلام اور اومبڈسمین کے بین الاقوامی اداروں کے سربراہان اور ان کے نمائندے بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ کانفرنس (سمپوزیم) میں اقوام متحدہ کے (صفحہ 4 پر بقیہ نمبر 24)



[illegible]

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شرکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدالباقی کاکڑ

جلد: 14 | بدھ 15 صفر المظفر 1446ھ 21 اگست 2024ء 6 بھادوں 2081 ب صفحات: 10 قیمت 30 روپے | شمارہ: 157



اسلام آباد: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

# محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس اسلام آباد میں ہوگی: اعجاز قریشی

## سمپوزیم میں ایجنڈا 2030ء کے تحت پائیدار ترقی کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو ہوگی

## کانفرنس سے پاکستان کے سیاحتی مقامات و سہولیات کو اجاگر کرنے کا موقع میسر آئے گا

اسلام آباد (اپنے رپورٹر سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے تحت محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس عنقریب اسلام آباد میں ہوگی جس میں ایشیاء، عالم اسلام اور امبڈسمین کے بین الاقوامی اداروں کے سربراہوں اور ان کے نمائندے بڑی تعداد میں شرکت کریں گے، کانفرنس (سمپوزیم) میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل یا صدر کی شرکت بھی متوقع ہے، سمپوزیم میں امبڈسمین کے اداروں کو مزید فعال بنانے اور ان کی کارکردگی بڑھانے کے علاوہ ایجنڈا 2030ء کے تحت پائیدار ترقی کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو ہوگی، کانفرنس سے پاکستان کے ثقافتی ورثے اور سیاحتی مقامات و سہولیات کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کا موقع بھی میسر آئے گا۔

اسلام آباد، لاہور، کراچی اور فیصل آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا معتبر مستند اخبار ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹر: محمد نبیل ملک

روزنامہ عوام انٹرنیشنل

اسلام آباد — فیصل آباد

CPL No.156 Trade Mark No.046674

جلد نمبر 10 | بدھ 21 اگست 2024ء، 15 صفر 1446ھ، 6 بھادوں 2077 بکرمی | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 183


# ایشیاء کے محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس عنقریب اسلام آباد میں ہوگی

## آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں جلد ہی نئے علاقائی دفاتر قائم کیے جا رہے ہیں۔ وفاقی محتسب

## رواں سال میں اب تک ایک لاکھ 27 ہزار شکایات کے فیصلے کئے جا چکے ہیں۔ اعجاز احمد قریشی

### گزشتہ برس گیارہ ستمبر کو ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں وفاقی محتسب کو 04 سال کے لئے متفقہ طور پر ایک بار پھر اے او اے کا صدر منتخب کیا گیا

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے تحت محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس عنقریب اسلام آباد میں منعقد ہوگی جس میں ایشیاء، عالم اسلام اور امبڈسمین کے بین الاقوامی اداروں کے سربراہان اور ان کے نمائندے بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ کانفرنس (سمپوزیم) میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل یا صدر کی شرکت بھی متوقع ہے۔ سمپوزیم میں امبڈسمین کے اداروں کو مزید فعال بنانے اور ان کی کارکردگی بڑھانے کے علاوہ ایجنڈا 2030ء کے تحت پائیدار ترقی کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو ہوگی۔ اس کانفرنس سے پاکستان کے ثقافتی ورثے اور سیاحتی مقامات و سہولیات کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کا موقع بھی میسر آئے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں جلد ہی نئے علاقائی دفاتر کھولے جا رہے ہیں جن کے بعد ملک کے 24 شہروں سے لوگ ہمارے ادارے سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ علاقائی دفاتر کے ذریعے عام لوگوں کو ان کے گھر کے قریب مفت انصاف فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ رواں سال کے دوران اب تک ایک لاکھ 27 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے کر چکا ہے جب کہ اس دوران ایک لاکھ 32 ہزار سے زائد شکایات موصول ہوئیں۔ رواں سال کے دوران ہمارے انوسٹی گیشن افسران نے ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر 2,210 شکایات کے فیصلے کئے جس سے شکایت کنندگان کو نہ سفر کی صعوبت اٹھانا پڑی اور نہ ہی ان کا ایک پیسہ خرچ ہوا، انہیں گھر کی دہلیز پر انصاف مل گیا۔ یہ باتیں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے گزشتہ روز اخبار نویسوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران بتائیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ برس گیارہ ستمبر کو ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن) اے اوا ے (کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں وفاقی محتسب کو 04 سال کے لئے متفقہ طور پر ایک بار پھر اے او اے کا صدر منتخب کیا گیا جو پاکستان کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے کیونکہ اے او اے دنیا کی دو تہائی آبادی کی نمائندہ تنظیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے ادارے کے انوسٹی گیشن افسران اور وفاقی سرکاری اداروں کے سربراہان کو ہدایت کر رکھی ہے کہ وہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو کم سے کم وقت میں یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں، کیونکہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔ وفاقی محتسب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اضافی بجٹ اور مزید عملہ طلب کئے بغیر ہمارے افسران کی انتھک محنت نیز کھلی کچہریوں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے اجراء کے باعث عام لوگوں کے مسائل حل کرنے میں بہت بہتری آئی ہے اور ہر سال شکایات میں اضافہ ہو رہا ہے، سال 2022ء کے دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئی تھیں جو 2023ء میں بڑھ کر ایک لاکھ 94 ہزار 99 ہوگئیں، جو وفاقی محتسب پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایات کو ثالثی اور مصالحتی انداز میں نمٹانے کا پروگرام Informal Resolution of Disputes(IRD) بہت کامیاب رہا ہے، اس سے غریب لوگوں کے بہت سے مسائل حل ہوئے۔ اس پروگرام کے تحت اب تک 7515 کیس حل کئے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کا اہم کردار ہے۔ انہوں نے میڈیا سے کہا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں تعاون کریں تا کہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارہ کے ذریعے مفت اور جلد ریلیف حاصل کر سکیں۔



اسلام آباد، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے